urdu

Caritasverband
Rhein-Wied-Sieg e.V.
Geschäftsstelle Betzdorf

Landkreis
Altenkirchen

آپ جرمنی میں موجود ہیں۔ اس ملک میں جس کی دوسرے ممالک کے ساتھ ستر سال سے کوئی جنگ نہیں ہوئی۔ جرمن معاشرہ کی بنیاد جمہوری اقدار اور قوانین پر قائم ہے۔

بنیادی آئین (نقل)

دفعہ **1**: انسانی وقار قابل احترام ہے۔ اس پر توجہ دینا اور اس کی حفاظت کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔

دفعہ **3**: قانون کے سامنے سب انسان برابر ہیں۔/

مرد اور خواتین کے حقوق یکساں ہیں۔ [....] / کسی کو بھی اجازت نہیں ہے کہ وہ کسی دوسرے کو جنس، نسب، ذات، زبان، وطن، عقیدے، مذہب یا سیاسی نظریات کی بناء پر حقیر یا افضل جانے۔

کسی کو اس کی معذوری کی وجہ سے کمتر جاننے کی اجازت نہیں ہے//

ان بنیادی حقوق کی خلاف ورزی کا مطلب ان قوانین کو نظرانداز کرنا ہے جس کے خلاف قانونی کاروائی ہوگی۔

-.-.-.-

مرد حضرات کو خواتین پر کسی قسم کا تشدد کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ نہ ہی ذہنی طور پر اور نہ جسمانی یا جنسی طور پر۔

اگر کوئی تنہائی یا سکون چاہتا ہے تو آپ کے لیے اس کی بات کا احترام ضروری ہے۔
دوسرے لوگوں کو چاہے وہ مرد ہوں یا عورت ہراساں کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
کسی کی فوٹو بنانے سے پہلے اس کی اجازت لینا ضروری ہے۔

WILLKOMMEN

ہر عورت کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنی پسند کا لباس زیب تن کرے۔ نیم عریاں لباس پہننا جرمنی میں نارمل ہے اور اسے مردوں کے لیے جنسی دعوت نامہ نہ سمجھا جائے اور نہ ہی انکو حملے یا آواز کسنے کی اجازت ہے۔

خواتین کو خود فیصلہ کا اختیار ہے کہ وہ کہاں رہنا اور کونسا پیشہ اختیار کرنا چاہتی ہیں۔ اپنی رقم پر ان کا اپنا اختیار ہے۔

ہر عورت یا مرد کو اپنے ساتھی یا شریک حیات کے انتخاب کی آزادی ہے، چاہیں تو اس سے شادی کریں یا نہ کریں۔

یہاں غیر شادی شدہ ہونا بھی اتنا ہی نارمل ہے جتنا شادی شدہ ہونا۔ اس کے ساتھ ہم جنس پرست (Homosexual) بھی میاں بیوی کی طرح ساتھ رہ سکتے ہیں اور اپنی شادی رجسٹرڈ بھی کروا سکتے ہیں۔

ہمارے ملک کو جانیں

کوئی سوال ہے تو پوچھیں اور ہم سے بات کریں!

HILFE FÜR FRAUEN

اگر آپ بطور خاتون کوئی خطرہ محسوس کرتی ہیں یا آپ سے کوئی برا سلوک کرتا ہے، چاہے وہ آپ کا شوہر یا خاندان ہی کا کوئی فرد ہو اور وہ آپ سے مجرمانہ سلوک کرے تو ہر حالت میں مدد حاصل کریں۔

کسی ایسے فرد سے بات کریں جس پر آپ کو بھروسہ ہو!

Caritasverband Rhein-Wied-Sieg e.V.
Wagnerstraße 1, 57518 Betzdorf
Tel. **0 27 41/97 60-0**

110 پولیس کا فون نمبر

خواتین پر تشدد کی صورت میں مدد کے لیے فون نمبر
0 80 00 11 60 16